اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

تقسیمِ رسائل کاہدف مکمل کرنے کے معاون مدنی پھول

تقسیمِ رسائل سے مراد یہ ہے کہ وہ مواد تقسیم کرنا جس کا تعلق تبلیغِ دین سے ہو جیسے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل وغیرہ۔(مدنی مذاکرہ سلسلہ:1328)

تمام ذمہ دار اسلامی بہنیں حتی الامکان ذاتی طور پر بھی (یعنی خود اور اپنے عزیز رشتے داروں پر انفرادی کوشش کر کے) تقسیمِ رسائل میں بھرپور حصہ لیں۔(25صفر المظفر کے بعد ہی یہ سلسلہ شروع ہو جائے تو مدینہ مدینہ)

a. مخیّر اور شخصیات اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش۔
b. ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں بیان کے ذریعے۔
c. سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ اور ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات جن گھروں میں منعقد ہوتے ہیں اُن اہل خانہ پر انفرادی کوشش۔
d. مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں پڑھنے والی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش۔
e. جن گھروں میں محفلِ نعت ہو اُن اہل خانہ پر انفرادی کوشش

یادرہے کہ "تقسیمِ رسائل" کے لئے گھر گھر جا کر انفرادی کوشش نہ کی جائے۔ بخوشی تقسیمِ رسائل کا سلسلہ ہو۔ تقسیمِ رسائل کے لئے کسی کو مجبور نہ کیا جائے صرف ترغیب ہی دلائی جائے۔"تقسیمِ رسائل کے شرعی مدنی پھول" کے مطابق عمل کیا جائے۔ (یہ پیپرز مدنی پھول برائے تقسیمِ رسائل میں موجود ہیں)

مدنی پھول :▪

1) مدینہ ڈائری، کوئی بھی "پینافلیکس" مثلاً نیتوں والا، غیبت والا وغیرہ، مدنی پنج سورہ اور پرچم "تقسیمِ رسائل" میں شمار نہ ہو گا۔ البتہ "نیک اعمال کا رسالہ اور "ماہنامہ فیضانِ مدینہ "تقسیمِ رسائل میں شمار ہو گا۔

تقسیمِ رسائل میں جہاں تک ممکن ہو ان کو ترجیح دی جائے۔ مدنی قاعدہ اسلامی بہنوں کی نماز، پردے کے بارے میں سوال جواب، اسلامی بیانات، عورت اور قرآن، اے ایمان والو، اسلامی پردہ فیضانِ امہاتُ المؤمنین، فیضانِ خدیجۃ الکبریٰ، فیضانِ عائشہ صدیقہ، شانِ خاتونِ جنت، فیضانِ حضرت آسیہ، فیضان بی بی ام سلیم، فیضانِ بی بی مریم، صحابیات اور پردہ، صحابیات اور عشق رسول، بارگاہِ رسالت میں صحابیات کے نذرانے، صحابیات اور نصیحتوں کے مدنی پھول، صحابیات اور شوقِ علم دین، صحابیات اور شوقِ عبادت، صحابیات وصالحات اور صبر، صحابیات وصالحات اور راہ خدا میں خرچ کرنا، صحابیات اور دین کی خاطر قربانیاں، اسلامی بہنوں کے 8 دینی کام۔

2) مدرسۃ المدینہ (گرلز) اور گلی گلی مدرسۃ المدینہ میں امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کے درج ذیل رسائل "نور والا چہرہ"، "فرعون کا خواب"، "بیٹا ہو تو ایسا"، "جھوٹا چور" اور "دودھ پیتا مدنی منّا" اس طرح تقسیم کیا جائے کہ ہر بچی تک یہ رسائل پہنچ جائیں۔

3) سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے یا اجتماع گاہ میں اگر المدینہ لائبریری قائم ہو تو تقسیم کیئے گئے کتب ورسائل وغیرہ اس میں "نہیں" رکھے جاسکتے اور نہ ہی ذمہ دار اسلامی بہنیں بیان وغیرہ تیار کرنے کے لئے اپنے پاس رکھ سکتی ہیں اس لیے کہ یہ دونوں صورتیں تقسیمِ رسائل میں شمار نہیں ہوتیں اور یہ عمل تنفیرِ عوام کا سبب بھی بن سکتا ہے۔